# DTaP (خناق، ٹیٹنس، کالی کھانسی) (Diphtheria, Tetanus, Pertussis) کا ٹیکہ: آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے

Many Vaccine Information Statements are available in Urdu and other languages. See www.immunize.org/vis

ٹیکے کی معلومات کے بہت سارے بیانات اردو اور دوسری زبانوں میں دستیاب ہیں۔ www.immunize.org/vis ملاحظہ کریں

## 1 ٹیکہ کیوں لگوائیں؟

**DTaP کا ٹیکہ** آپ کے بچے کو **خناق**، **ٹیٹنس** اور **کالی کھانسی** سے بچانے میں مدد کر سکتا ہے۔

- **خناق (D)** سانس کے مسائل، فالج اور دل کی ناکامی کا سبب بن سکتا ہے۔ ٹیکوں سے قبل، خناق ریاستہائے متحدہ میں ہر سال سیکڑوں ہزار بچوں کو ہلاک کر دیتا تھا۔
- **ٹیٹنس (T)** عضلات کی درد انگیز سختی کا سبب بنتا ہے۔ اس کی وجہ سے جبڑے "بند" ہو سکتے ہیں لہٰذا آپ اپنے منہ کو کھول یا کوئی چیز نگل نہیں سکتے۔ ٹیٹنس میں مبتلا ہونے والے 5 میں سے قریب ایک فرد کی موت واقع ہو جاتی ہے۔
- **کالی کھانسی (aP)**، جو ہوپنگ کف (Whooping Cough) کے نام سے بھی معروف ہے، کی وجہ سے اس بری طرح کھانسی کے دورے پڑتے ہیں کہ شیر خواروں اور بچوں کے لیے کھانا، پینا یا سانس لینا مشکل ہو جاتا ہے۔ اس کی وجہ سے نمونیہ، بیہوشی کے دورے، دماغ کو نقصان پہنچ سکتا ہے یا موت واقع ہو سکتی ہے۔

DTaP کا ٹیکہ لگوا لینے والے زیادہ تر بچے پوری طفولیت میں محفوظ رہیں گے۔ اگر ہم نے ٹیکہ لگوانا بند کر دیا تو بہت سارے بچوں کو امراض لاحق ہو جائیں گے۔

## 2 DTaP کا ٹیکہ

بچوں کو عموماً DTaP ٹیکہ کی 5 خوراکیں، درج ذیل ہر ایک عمر میں ایک خوراک لینی چاہیے:

- 2 مہینے
- 4 مہینے
- 6 مہینے
- 15–18 مہینے
- 4–6 سال

DTaP دوسرے ٹیکوں کی طرح اسی وقت دیا جا سکتا ہے۔ نیز، کبھی کبھار بچے DTaP کو ایک یا زائد دیگر ٹیکوں کے ساتھ ایک ہی شاٹ میں لے سکتے ہیں۔

## 3 کچھ بچوں کو DTaP کا ٹیکہ نہیں لگوانا چاہیے یا انتظار کرنا چاہیے

DTaP صرف 7 سال سے کم عمر کے بچوں کے لیے ہے۔ DTaP کا ٹیکہ ہر کسی کے لیے مناسب نہیں ہے — بچوں کی ایک معمولی تعداد کو ایک مختلف ٹیکہ موصول ہونا چاہیے جو DTaP کے بجائے صرف خناق اور ٹیٹنس پر مشتمل ہو۔

اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو بتائیں اگر آپ کے بچے کو:

- **DTaP کی پچھلی خوراک کے بعد الرجی زا ردعمل** ہوا تھا یا اسے کوئی **شدید، جان لیوا الرجی** لاحق ہے۔
- **DTaP کی خوراک کے بعد 7 دنوں کے اندر کوما یا طویل مکرر غشی کے دورے** پیش آئے تھے۔
- **غشی کے دورے یا اعصابی نظام کے دیگر مسائل** پیش آئے تھے۔
- **گولیئن برّ سنڈروم (Guillain-Barré Syndrome, GBS)** نامی کیفیت لاحق ہوئی تھی۔
- DTaP یا **DT کی پچھلی خوراک کے بعد شدید درد یا سوجن** ہوئی تھی۔

کچھ معاملات میں، آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ آپ کے بچے کی DTaP کی ٹیکہ کاری آئندہ ملاقات تک مؤخر کرنے کا فیصلہ کر سکتا ہے۔

معمولی بیماری جیسے سردی میں مبتلا بچوں کو ٹیکہ لگایا جا سکتا ہے۔ جو بچے معتدل یا شدید حد تک بیمار ہوں انہیں عموماً DTaP کا ٹیکہ لگوانے سے پہلے صحتیاب ہونے تک انتظار کرنا چاہیے۔

آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ آپ کو مزید معلومات دے سکتا ہے۔

U.S. Department of Health and Human Services
Centers for Disease Control and Prevention

## 4 ٹیکہ کے ردعمل کے خطرات

- DTaP کے بعد شاٹ لگائے جانے کی جگہ پر سرخی، خراش، سوجن اور ملائمیت عام ہیں۔
- بخار، اضطراری حرکات، تھکان، ناقص اشتہا، اور الٹی کبھی کبھار DTaP کی ٹیکہ کاری کے 1 سے 3 دن بعد تک پیش آتی ہے۔
- DTaP کی ٹیکہ کاری کے بعد مزید سنگین ردعمل، جیسے غشی کے دورے، 3 گھنٹے یا زیادہ دیر تک مسلسل رونا یا تیز بخار (105°F سے زیادہ) کافی کم کثرت سے پیش آ سکتا ہے۔ شاذ و نادر طور پر، ٹیکے کے بعد پورے بازو یا ٹانگ میں سوجن ہوتی ہے، خاص طور پر بڑے بچوں میں جب وہ اپنی چوتھی یا پانچویں خوراک موصول کرتے ہیں۔
- DTaP کی ٹیکہ کاری کے بعد انتہائی شاذ و نادر طور پر طویل مدتی غشی کے دورے، کوما، کم ہوش و حواس یا مستقل دماغی خرابی پیش آتی ہے۔

کسی بھی دوا کی طرح، ٹیکہ کی وجہ سے شدید الرجی زا ردعمل، دیگر سنگین مضرت پیش آنے یا موت واقع ہونے کا کافی بعید امکان ہے۔

## 5 اگر کوئی سنگین مسئلہ ہو تو کیا ہوگا؟

الرجی زا ردعمل کلینک سے بچے کے روانہ ہونے کے بعد پیش آ سکتا ہے۔ اگر آپ کو شدید الرجی زا ردعمل (سرخباد، چہرے یا حلق کی سوجن، سانس لینے میں پریشانی، دل کی تیز دھڑکن، سر چکرانا یا کمزوری) کی نشانیاں نظر آتی ہیں تو 9-1-1 پر کال کریں اور بچے کو قریب ترین ہسپتال لے جائیں۔

آپ کے لیے باعث تشویش دیگر نشانیوں کے مدنظر، اپنے بچے کے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو کال کریں۔

سنگین ردعمل کی رپورٹ ٹیکہ کے ناموافق وقوعہ کی اطلاع دہندگی کے نظام (Adverse Event Reporting System, VAERS) کو کی جائے۔ آپ کا ڈاکٹر عموماً یہ رپورٹ دائر کرے گا یا آپ خود بھی کر سکتے ہیں۔ **www.vaers.hhs.gov** ملاحظہ کریں یا **1-800-822-7967** پر کال کریں۔ *VAERS صرف ردعمل کی رپورٹ کرنے کے لیے ہے، یہ طبی مشورہ نہیں دیتا ہے۔*

## 6 ٹیکہ سے گزند پہنچنے کے سبب معاوضہ کا قومی پروگرام

ٹیکہ سے گزند پہنچنے کے سبب معاوضہ کا قومی پروگرام (National Vaccine Injury Compensation Program, VICP) ایک وفاقی پروگرام ہے جو بعض ٹیکوں کی وجہ سے مضرت میں مبتلا ہونے والے لوگوں کو معاوضہ دینے کے لیے بنایا گیا تھا۔ پروگرام کے بارے میں اور دعوی دائر کرنے کے بارے میں جاننے کے لیے **www.hrsa.gov/vaccinecompensation** ملاحظہ کریں یا **1-800-338-2382** پر کال کریں۔ معاوضہ کے لیے دعوی دائر کرنے کے واسطے ایک مقررہ وقت ہے۔

## 7 میں کس طرح مزید جان سکتا ہوں؟

- اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے معلوم کریں۔
- اپنے مقامی یا ریاستی صحت محکمے کو کال کریں۔
- مراکز برائے امراض پر کنٹرول اور روک تھام (Centers for Disease Control and Prevention, CDC) سے رابطہ کریں:
  - **1-800-232-4636 (1-800-CDC-INFO)** پر کال کریں یا
  - **www.cdc.gov/vaccines** ملاحظہ کریں

طبی دیکھ بھال کے فراہم کار (وں) کو حفاظتی ٹیکوں کی صورت حال کے متعلق درست معلومات، حفاظتی ٹیکوں کا جائزہ اور مستقبل میں حفاظتی ٹیکے لگانے کے ایک مجوزہ شیڈول تک رسائی کے قابل بنانے کیلئے، معلومات مشی گن دیکھ بھال میں بہتری کی رجسٹری کو ارسال کی جائیں گی۔ افراد کو درخواست کرنے کا حق ہے کہ ان کا طبی دیکھ بھال کا فراہم کار حفاظتی ٹیکوں کے متعلق معلومات رجسٹری کو نہ بھیجے۔

ٹیکہ سے متعلق معلومات کا بیان (عبوری)

**DTaP(خناق، ٹیٹنس، کالی کھانسی) کا ٹیکہ**

صرف دفتری استعمال کے لیے

08/24/2018 | 42 U.S.C. § 300aa-26

DCH-0469U
AUTH: P. H. S., Act 42, Sect. 2126.

Urdu translation provided by the NYC Department of Health and Mental Hygiene